




بخدمت:

مرکزی چیئرمین

مرکزی صدر اور مرکزی سیکریٹری جنرل بشمول تمام مرکزی عہدیداران

تمام صوبائی صدوراور تمام صوبائی جنرل سیکریٹریز

تمام ڈویژنل، ضلعی، تحصیل/تعلقہ اور ادارہ جاتی نمائندگان

اپیکا پاکستان (شہید ساقی) ویب سائٹ https://www.apcapk.com ویب پر پوسٹ کرنے کیلئے

عنوان: اپیکا پاکستان (شہید ساقی) دستور 2026

تنظیم کے نام، قومی شناخت، رکنیت اور نمائندگی سے متعلق مشاورتی مسودہ برائے تجاویز، رائے دہی اور اتفاقِ رائے۔

---

تمہیدی کلمات

اپیکا کی تاریخ پاکستان کے سرکاری ملازمین کی عزت، وقار، آئینی حقوق، معاشی تحفظ، سروس کے بہتر حالات اور قومی یکجہتی کے لیے مسلسل جدوجہد کی تاریخ ہے۔ کئی دہائیوں پر محیط اس سفر میں اپیکا نے وفاقی اور صوبائی سطح پر لاکھوں سرکاری ملازمین کی نمائندگی کرتے ہوئے ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔

اس تاریخی سفر میں دستور/منشور 2011 ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے، جس نے تنظیم کو ایک مضبوط آئینی، جمہوری اور تنظیمی بنیاد فراہم کی۔ اس منشور نے تنظیمی ڈھانچے، انتخابات، مالیاتی نظم، اراکین کے حقوق و فرائض اور جمہوری روایات کو منظم انداز میں متعین کیا، جس کی بدولت اپیکا ایک مضبوط اور مؤثر قومی ملازمین تنظیم کے طور پر مزید مستحکم ہوئی۔

منشور 2011 کی منظوری اور تنظیمی استحکام میں سابق مرکزی چیئرمین جناب سید محمودالحسن آرزو کی قیادت اور خدمات ہمیشہ تاریخ کا روشن باب رہیں گی۔ انہوں نے مرکزی چیئرمین کی حیثیت سے سرکاری ملازمین کے آئینی، قانونی، معاشی اور سروس حقوق کے تحفظ کے لیے صفِ اول میں رہ کر جدوجہد کی، مختلف سرکاری ملازمین کی تنظیموں کو قریب لانے کی کوشش کی اور اپیکا کے جمہوری تشخص کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی خدمات اور قیادت کو تنظیم ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے یاد رکھے گی۔

اسی تاریخی تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے سال 2021 میں اپیکا پاکستان (شہید ساقی (کی نظریاتی اور تنظیمی بنیاد رکھی گئی، تاکہ شہید محمد اسحاق ساقی کی لازوال قربانی، جدوجہد، اصولوں اور ملازمین دوست فکر کو ہمیشہ کے لیے تنظیمی شناخت کا حصہ بنایا جا سکے۔ اس اقدام کا مقصد اپیکا کی تاریخی شناخت کو برقرار رکھتے ہوئے اسے نئے دور کے تقاضوں کے مطابق ایک زیادہ جامع، مؤثر، جمہوری اور قومی سطح کی نمائندہ تنظیم کی شکل دینا تھا۔

---

**دستور 2026 کی ضرورت**

موجودہ دور میں سرکاری ملازمین کے مسائل، سروس اسٹرکچر، پنشن اصلاحات، مالیاتی چیلنجز، ڈیجیٹل گورننس، ادارہ جاتی اصلاحات اور آئینی تقاضوں میں نمایاں تبدیلیاں آ چکی ہیں۔ ان حالات کے پیشِ نظر ایک ایسے جدید دستور کی ضرورت محسوس کی گئی ہے جو:

منشور 2011 کے بنیادی نظریات اور جمہوری روایات کو برقرار رکھے؛

شہید محمد اسحاق ساقی کے مشن کو آگے بڑھائے؛

وفاقی، صوبائی، خودمختار اور نیم خودمختار اداروں کے تمام سول ملازمین، ریٹائرڈ ملازمین اور پنشنرز کی نمائندگی کو آئینی حیثیت دے؛

تنظیمی شفافیت، احتساب، مالی خودمختاری، ڈیجیٹل گورننس اور ادارہ جاتی استحکام کو مزید مضبوط بنائے؛

آئینِ پاکستان اور نافذالعمل قوانین کے مطابق ایک جدید، جامع اور قابلِ عمل تنظیمی دستور فراہم کرے۔

---


Address: C/O Office of the DEO (Academic & Training) Jamshoro @ T/W Shop Kotri
Email: apca_pakistan@yahoo.com

مجوزہ تنظیمی نام

تنظیم کی تاریخی شناخت کو برقرار رکھتے ہوئے تجویز کیا جاتا ہے کہ دستور 2026 میں تنظیم کا نام درج ذیل رکھا جائے:

آل پاکستان سول ملازمین و پنشنرز اتحاد (ایپکا پاکستان "شہید ساقی")

انگریزی نام:

All Pakistan Civil Employees and Pensioners Alliance (APCA Pakistan – Shaheed Saqi).

مختصر نام: ایپکا پاکستان (شہید ساقی) اور سندھی میں "آپکا" جس طرح منشور 2011 میں موجود ہے

---

تجویز کے بنیادی مقاصد

ایپکا کی تاریخی شناخت اور جدوجہد کو برقرار رکھتے ہوئے تنظیم کو جدید قومی تقاضوں سے ہم آہنگ بنانا۔

وفاقی، صوبائی، خودمختار، نیم خودمختار، آئینی، کارپوریشنز، اتھارٹیز، جامعات، بلدیاتی اداروں اور دیگر سرکاری شعبوں کے تمام سول ملازمین کو تنظیم کی رکنیت دینا۔

ہر سطح کے ریٹائرڈ ملازمین اور پنشنرز کو تنظیم کا مستقل حصہ بناتے ہوئے انہیں دستور کے مطابق مؤثر نمائندگی فراہم کرنا۔

مرکزی، صوبائی، ڈویژنل، ضلعی، تحصیل اور ادارہ جاتی سطح پر تمام طبقات کی متناسب نمائندگی کو یقینی بنانا۔

منشور 2011 کی بنیادی روح، جمہوری اصولوں اور تنظیمی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے جدید دستور مرتب کرنا۔

سابق مرکزی چیئرمین سید محمودالحسن آرزو کی تنظیمی خدمات اور شہید محمد اسحاق ساقی کے مشن کو تنظیم کے تاریخی تسلسل کا حصہ تسلیم کرنا۔

ایک ایسی قومی، غیر سیاسی، جمہوری اور آئینی تنظیم کو مزید مضبوط بنانا جو تمام سول ملازمین، ریٹائرڈ ملازمین اور پنشنرز کے مشترکہ حقوق، فلاح و بہبود، مساوات، پنشن کے تحفظ اور ادارہ جاتی استحکام کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔

رائے، تجاویز اور سفارشات کی درخواست

تمام مرکزی، صوبائی، ڈویژنل، ضلعی، تحصیل، تعلقہ، ادارہ جاتی نمائندگان، حاضر سروس ملازمین، ریٹائرڈ ملازمین اور پنشنرز سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ اس مشاورتی مسودے کا تفصیلی جائزہ لے کر اپنی تحریری آراء، تجاویز، ترامیم اور سفارشات مقررہ مدت ۱۵ اگست ۲۰۲۶ کے اندر ارسال فرمائیں تاکہ وسیع تر اتفاقِ رائے سے دستور 2026 – ایپکا پاکستان (شہید ساقی) کو حتمی شکل دی جا سکے۔

یہ دستور ہماری تاریخی جدوجہد، منشور 2011 کی مضبوط بنیاد، شہید محمد اسحاق ساقی کے مشن، آئینِ پاکستان کے اصولوں اور مستقبل کے قومی تقاضوں کا جامع آئینی و تنظیمی دستاویز ہوگا۔

اتحاد • مشاورت • جمہوریت

"شہید ساقی کا مشن — تمام سول ملازمین، ریٹائرڈ ملازمین اور پنشنرز کا اتحاد، حقوق کا تحفظ، اداروں کا استحکام اور آئینی جدوجہد"

پیش کنندہ:

1/8/2026

ایم۔ اے۔ بھرگڑی
مرکزی وائیس چیئرمین
ایپکا پاکستان (شہید ساقی)
ویب سائٹ: https://www.apcapk.com